www.KitaboSunnat.com



(۱) سنت ہی احکام کی وضاحت کرتی ہے۔ 65
(۲) ایمان ایک اساس ہے،اس کی مختلف شاخیں ہیں۔ 65
(۳) ایمان قول وعمل سے مرکب ہے۔ 66
(۴) کفر کی دو قسمیں ہیں: کفر اکبر اور کفر اصغر۔ 67
(۵) ایمان کی کسی شاخ کی انجام دہی سے بندہ کا مومن ہونا لازم نہیں آتا،اسی طرح اس کے برعکس۔ 68
☆ تیسری فصل: تکفیر کے ضوابط۔ 70
(۱) ظاہری حالت پر حکم لگانا۔ 70
(۲) شخص معین کی تکفیر میں احتیاط کرنا۔ 70
(۳) جن چیزوں سے حجت قائم ہوتی ہے۔ 71
(۴) ہر گناہ سے تکفیر نہ کرنا۔ 72
☆ چوتھی فصل: تکفیر سے مانع امور۔ 73
(۱) جہالت ولاعلمی۔ 73
(۲) خطا (غلطی)۔ 74
(۳) جبر واکراہ۔ 75
(۴) تاویل۔ 75
(۵) تقلید۔ 76
☆ پانچویں فصل: تکفیر کی خطرناکی۔ 79

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



☆ کفر کے اسباب 105
☆ اللہ کے ساتھ شرک اور رسول ﷺ کے ساتھ شرک 105
☆ کتاب وسنت پر ایمان نہ لانا 107
☆ ایک ضروری قید 108
☆ تکفیر کے باب میں اہل سنت کے موقف کا خلاصہ 111
☆ اہل تکفیر کی بابت حاکم اور محکوم کا موقف 117
(الف) حاکم کا موقف 117
(ب) محکوم کا موقف 119
دوسرا مبحث: اہل سنت کے موقف کی دلیل۔ 121
الف: قرآن کریم۔ 121
ب: سنت مطہرہ۔ 124
ج: اجماع۔ 128
☆ دوسری فصل: کفر کے اقسام اور خطرناک تکفیری امور۔ 129
پہلا مبحث: کفر کے اقسام۔ 129
پہلا مطلب: وہ کفر جو ملت اسلامیہ سے خارج کر دیتا ہے۔ 129
اول: کفر تکذیب (جھلانے کا کفر)۔ 129
دوم: تصدیق کے ساتھ تکبر وانکار کا کفر۔ 129
سوم: شک کا کفر یہ سوچ وگمان کا کفر ہے۔ 130

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




چہارم: اعراض و پہلو تہی کا کفر۔ 131

پنجم: نفاق کا کفر۔ 131

دوسرا مطلب: وہ کفر جو ملت اسلامیہ سے خارج نہیں کرتا۔ 131

دوسرا مبحث: اسلام کو توڑنے اور اس میں نقص پیدا کرنے والے امور۔ 133

پہلا مطلب: خلاف ورزیوں کی قسمیں۔ 133

پہلی قسم: جو ارتداد کی موجب ہے۔ 133

دوسری قسم: جو ارتداد کی موجب نہیں لیکن اسلام میں نقص پیدا کرتی ہے۔ 133

دوسرا مطلب: خطرناک اور بکثرت واقع ہونے والے نواقض اور تکفیری امور۔ 134

اول: شرک۔ 134

دوم: جو اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان واسطے بنائے۔ 140

سوم: جو مشرکوں کو کافر نہ قرار دے یا ان کے کفر میں شک کرے۔ 141

چہارم: جو یہ عقیدہ رکھے کہ نبی کریم ﷺ کے علاوہ کسی کا طریقہ
آپ کی ہدایت سے زیادہ کامل و مکمل ہے۔ 141

پنجم: جو رسول ﷺ کی لائی ہوئی کسی چیز سے بغض رکھے۔ 146

ششم: جو رسول اللہ کے دین میں سے کسی چیز کا مذاق اڑائے۔ 146

ہفتم: جادو اور اسی قبیل سے صرف اور عطف بھی ہے۔ 146

ہشتم: مشرکین کا سپورٹ اور مسلمانوں کے خلاف ان کی مدد کرنا۔ 147

نہم: جو یہ عقیدہ رکھے کہ بعض لوگوں کو شریعت محمدیہ سے نکلنے کا اختیار ہے۔ 147


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دہم: اللہ کے دین سے اعراض کرنا' بایں طور کہ نہ اسے سیکھے اور
نہ ہی اس پر عمل کرے۔ 147
تیسرا مطلب: نفاق کی قسمیں۔ 148
اولاً: نفاق اکبر 148
ثانیاً: نفاق اصغر 151
چوتھا مطلب: قبروں کے پاس انجام دیجانے والی بدعات۔ 153
پہلی قسم: میت (مردے) سے حاجت براری کا سوال کرنا۔ 153
دوسری قسم: میت کے وسیلے سے اللہ تعالی سے دعا کرنا۔ 154
تیسری قسم: کوئی شخص یہ عقیدہ رکھے کہ قبروں کے پاس دعائیں... 155
تیسرا مبحث: تکفیری امور کی بنیادیں۔ 156
۱-قول کے سبب ارتداد 159
۲-فعل کے سبب ارتداد 160
۳-عقیدہ کے سبب ارتداد 162
۴-شک وشبہ کے سبب ارتداد 166
☆☆ تیسرا باب: اہل قبلہ کی تکفیر میں لوگوں کے مواقف اوران کا جائزہ 171
☆ پہلی فصل: تکفیر کے باب میں لوگوں کے مواقف۔ 172
پہلا مبحث: خوارج کی رائے۔ 172
دوسرا مبحث: معتزلہ کی رائے۔ 176

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| تیسرا مبحث: شیعہ کی رائے۔ | 181 |
| چوتھا مبحث: مرجئہ کی رائے۔ | 188 |
| ☆ دوسری فصل: گمراہ فرقوں کے آراء کا جائزہ۔ | 192 |
| پہلا مبحث: خوارج کا جائزہ۔ | 192 |
| دوسرا مبحث: معتزلہ کا جائزہ۔ | 200 |
| تیسرا مبحث: شیعہ کا جائزہ۔ | 204 |
| چوتھا مبحث: مرجئہ کا جائزہ۔ | 211 |
| خاتمہ: اہم نتائج اور ثمرات | 214 |

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اختلاف رائے کے باوجود نہ کسی کی تکفیر کی اور نہ ہی کسی کو امت سے خارج کیا۔ مگر یہ مسلمانوں کی بدقسمتی کہئیے کہ بعد کے ادوار میں امت مسلمہ مختلف گروہوں میں منقسم ہوگئی۔ مسلمانوں کے منفی اتحاد میں سب سے پہلے اس وقت دراڑ پڑی جب فتنہ خوارج رونما ہوا اور خوارج کا گروہ وجود میں آیا' جس نے سلف اور صحابہ تک کی تکفیر کر ڈالی۔ اس فرقہ ضالہ سے امتیاز اور عام مسلمانوں کو ان کے فکری انحراف سے بچانے کے لئے صحیح العقیدۃ اور سالم المنہج اسلاف عظام نے اپنے آپ کو اہل سنت کے لقب سے سرفراز کیا' اور ابھی کچھ ہی وقت گذرا تھا کہ اہل سنت میں بھی بہت سے لوگ مختلف اسباب ووجوہ کی بنا پر فکری کجی کا شکار ہوگئے اور کتاب وسنت کے بالمقابل عقلی دلائل اور قیاسی موشگافیوں کو ترجیح دینے لگے' اور انسانی عقلوں کے مختلف ہونے کی وجہ سے ایسے لوگ بہت بڑے اختلاف رائے اور انتشار کے شکار ہوگئے۔ اور امت میں تقسیم در تقسیم ہوتی چلی گئی اور بہت سارے چھوٹے بڑے مذاہب وفرق وجود میں آنے لگے۔ اسلام کی بے شمار شکلیں اور تعبیریں منظر عام پر آگئیں' لیکن نبی کریم ﷺ کے ارشاد گرامی "**لا تزال طائفة من أمتي ظاهرين على الحق**" (میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا) کے مطابق ایک جماعت حقہ ہر دور میں موجود رہی اور منہج صحابہ سے دور ہوجانے والوں سے امتیاز کے لئے اپنا نام اہل حدیث یا اہل اثر رکھا۔ یہ جماعت کتاب وسنت پر عامل' افراط وتفریط سے دور اور پوری امت کے لئے خیر خواہ رہی ہے۔ آج بھی اسی جماعت کے پاس وہ زریں اصول ہیں جن کی بنیادوں پر امت مسلمہ میں حقیقی اور ٹھوس اتحاد ممکن ہے۔ یہ جماعت کسی کی بے جا تکفیر وتضلیل سے بہت ہی دور ہے۔

زیر نظر کتاب ایک مشہور عالم دین شیخ ڈاکٹر سعید بن علی القحطانی حفظہ اللہ کی اس موضوع پر بہترین شاہکار "**قضية التكفير بين أهل السنة وفرق الضلال في ضوء الكتاب والسنة**" کا بہت ہی عمدہ اور خوبصورت ترجمہ ہے جسے فاضل گرامی برادرم عنایت اللہ مدنی حفظہ اللہ نے اردو کا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جامہ عطا کیا ہے۔

صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی مسلک اہل حدیث کی ترجمان، عقیدہ سلف کی پاسدار اور منہج اہل سنت کی حامی جماعت ہے، اس لئے یہ جمعیت ہمیشہ علمی، معتدل اور امت کے لئے مفید کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کی پذیرائی کرتی ہے۔ اسی لئے جیسے ہی یہ کتاب سامنے آئی امیر جماعت مولانا عبدالسلام صاحب سلفی کی دور رس نگاہوں نے اس کی افادیت کو پہچان لیا اور صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی کی طرف سے طباعت کا فیصلہ کرلیا۔

صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی اس عمدہ اور وقیع کتاب کی طباعت سے مشرف ہوتے ہوئے اللہ رب العالمین سے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو امت اور انسانیت کے لئے مفید بنائے اور مولف، مترجم اور ناشر کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

وصلی اللہ علی نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم.

حمید اللہ سلفی
ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی
۲۹/نومبر ۲۰۱۲ء

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پیش لفظ

الحمد لله و كفى و سلام على عباده الذين اصطفى ، أما بعد:

تکفیر اس دور کا سب سے بڑا فتنہ ہے، اس دور میں تکفیری فتنہ جتنا پروان چڑھا ہے کبھی اسے اتنا فروغ حاصل نہیں ہوا۔ حالت یہ ہے کہ خوارج کی تکفیر کے سوا رافضی تکفیر اس وقت سب سے زیادہ زوروں پر ہے، پھر اہل سنت میں ہر ایک دوسرے کی تکفیر پر لگا ہوا ہے، جبری وعلانیہ تکفیر میں خارجی، شیعہ اور قبوری بہت مشہور ہیں۔ ان کے سوا دیگر جماعتیں بھی محفلوں میں ایک دوسرے کی تکفیر کرتی رہتی ہیں اور اس سری تکفیر میں ہمارے تبلیغی بھائی سب سے آگے ہیں اور ان کی نظر عنایت خاص کر اہل حدیثوں پر ہوتی ہے، ہمارے یہ مخلص بھائی سری تکفیر میں جہاد اکبر کر رہے ہیں۔ ہمارے بعض تیز اہل حدیث بھی کبھی کبھی تکفیر کا دھندا کرنے لگتے ہیں، اللہ تعالی اس فتنے سے سب کو محفوظ رکھے، آمین۔

تکفیر ایک نہایت خطرناک عمل ہے یہ ہر کہ ومہ کا کام نہیں کہ کفر کا حکم لگائے، ممبروں اور اسٹیجوں سے اس کا اعلان کرتا پھرے۔ اگر اسلام کے مخالف کام نظر آئے تو یہ ہر کسی کا کام نہیں ہے کہ اس پر کفر کا حکم لگاتا پھرے۔ اگر واقعی کہیں نقیض اسلام عقیدہ پایا جاتا ہے، اسے مسلمانوں کے لئے فتنہ بن جانے کا اندیشہ ہے تو ملت کے سچے باصیرت علماء کا کام ہے کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس فتنہ کا سد باب کریں اور اسلامی اصول وضوابط کے مطابق اس سے نمٹیں، اصلاح وسدھار کے جب سارے راستے بند ہو جائیں تو آخری چارۂ کار کے طور پر کسی عقیدہ وعمل پر کفر کا فتویٰ لگائیں اور افراد واشخاص پر کفر کا حکم لگانے سے بھی گریز کریں، جب افراد واشخاص پر حکم لگائے بغیر چارہ نہ ہو اس وقت یہ آخری اقدام ہو۔

اس کے برعکس ہرایرا غیرا جاہل سڑک چھاپ اور "میڈیائی مُلّا" کفر ساز بن جاتا ہے، تکفیر یا کفر سازی دنیا کا گھناؤنا کام ہے اور بہت بڑا جرم ہے، لیکن یہی مجرمانہ کام بڑے دھوم سے ہوتا ہے اور بڑی شان سے دورِ افتاء، مساجد کے ممبروں اور تحریروں تقریروں کے ذریعہ اس کی اشاعت ہوتی ہے۔ بلا وجہ کسی کی تکفیر کرنا اسے زندہ ذبح کردینے کے مترادف ہے۔ یہ فتنہ زمانے سے چلتا آیا ہے اور پھل پھول رہا ہے، اس فتنے پر اس وقت قدغن لگانے کی سخت ضرورت ہے۔

سیاسی کشمکش، حکومت الٰہیہ کے قیام کے متعلق مزعومہ خیالات اور فکری انتہاء پسندی، مسلم وغیر مسلم حکمرانوں کی زیادتی اور ظلم وستم نے پوری دنیا میں تکفیری عمل کو بڑھاوا دیا ہے، اور خاص کر سیاست زدہ نوجوانوں کی فتویٰ بازی ملت کے لئے ایک بہت بڑا المیہ ہے۔

جذباتی تعصب اور اس کی ستم رانیاں کم نہ تھیں موجودہ وقت میں ان کی شدت میں اضافہ ہوا ہے اور انہوں نے بھی کفر سازی میں بڑا سرگرم کردار ادا کیا ہے، مسلکی تعصبات سے بھری کتابیں مسلکی دیوانے خوب پڑھتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے مسائل کے لئے پہلوانی کرتے پھرتے ہیں اور مسلم امت کو مشقِ ستم بنا رکھا ہے۔

جہالت، تنگ نظری اور علم کی قلت نے بھی بڑا غضب ڈھایا ہے، انہوں نے معاصر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خارجیت کو خوب پروان چڑھایا ہے۔ جہالت اور قلت علم خاص کر سطحی تعلیم حاصل کرنے والے ''میڈیائی ملاؤں'' کا خطرناک روگ ہے، اس قلت علم اور جہالت نے اس قدر انتشار پھیلایا ہے کہ جیسے امت کے اندر سے اجتماعیت کا شعور مٹا جا رہا ہے، اس میڈیائی گروہ نے ایسا ماحول بنایا ہے کہ امت کے پرخچے اڑتے جا رہے ہیں، اور علماء کے متعلق ان بہروپیوں کا ایسا خیال بنتا جا رہا ہے جیسے دین کے ٹھیکیدار یہی خارجی ذہن کے لوگ ہیں، اور اب مدارس بند کر دینا چاہئے اور علماء کی چھٹی کر دینی چاہئے۔ معاصر خارجیت کو میڈیائی علم نے اس قدر پروان چڑھایا ہے کہ خطرہ ہے یہ میڈیائی دینی ٹھیکیدار آگے چل کر خارجیت کا مکمل کردار نہ ادا کرنے لگیں۔

تکفیر کی سب سے بڑی طاقت خارجیت ہے اور خارجیت کے جراثیم علمی سطحیت کی بنا پر بڑھتے جا رہے ہیں، پبلک بھی ان پھکڑوں کو بڑھاوا دے کر خارجیت کے پروان چڑھنے میں مددگار بن رہی ہے۔ مشکل یہ ہے کہ ہمارے ہاں سماج میں پنپتے روگ اور بڑھتے مرض کا علاج نہیں کیا جاتا ہے، بلکہ شروع میں اسے بڑی اہمیت کے ساتھ بڑھایا جاتا ہے اور جب اس کے مہلک اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں تب لوگوں کو ہوش آتا ہے اور اس وقت کافی دیر ہو چکی ہوتی ہے۔

اس وقت بہت واضح طور پر ہر ہر جگہ یہ مصیبت پھیلتی نظر آ رہی ہے کہ ''میڈیائی ملاؤں'' کی فتویٰ بازی ہو رہی ہے، دین وعلم کا مذاق ہونے لگا ہے، ملت کی اجتماعیت کے پرخچے اڑ رہے ہیں، علماء کا مذاق اُڑ رہا ہے ''میڈیائی ملا'' سے ہماری مراد وہ نستعلیق مسٹر لوگ ہیں جن کو دینی علوم کی خبر نہیں، چند اردو اور انگریزی کتابیں اُن کا کل سرمایہ علم ہیں، مگر ڈھیٹ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اتنے ہوتے ہیں کہ "علامۂ عصر" سے کم خود کو سمجھتے نہیں، یہ علمی سطحیت اگر بڑھتی گئی تو خارجیت بڑھتی جائے گی اور پھر معاملہ تکفیر تک پہنچے گا۔

زیر نظر کتاب تکفیر کی حقیقت اسباب اور سد باب پر نہایت جامع کتاب ہے، بڑے سلیقے اور تندہی سے اس کو اردو جامہ پہنایا گیا ہے' اس موضوع پر اردو میں اس سے بہتر کتاب موجود نہیں ہے۔ اللہ تعالی اس کتاب کو لوگوں کے لئے مفید بنائے اور مترجم اور مصنف کو بہترین اجر عطا کرے، اور اسے شرف قبول بخشے، آمین۔

عبدالمعید مدنی

۲۰۱۲/۱۱/۲۲ء دہلی۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ میں نے جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا تم لوگ اہل قبلہ میں سے کسی کو کافر کہتے تھے؟ فرمایا: نہیں! میں نے پوچھا: اور مشرک؟ فرمایا: اللہ کی پناہ! اور گھبرا گئے۔

اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"التکفیر حق للہ فلا یکفر إلا من کفرہ اللہ و رسولہ" ①۔

کسی کو کافر قرار دینا اللہ کا حق ہے لہٰذا کافر وہی ہو سکتا ہے جسے اللہ اور اس کے رسول کافر قرار دیں۔

امام شوکانی رحمہ اللہ رقمطراز ہیں:

"اعلم أن الحکم علی الرجل المسلم بخروجہ من دین الإسلام ودخولہ فی الکفر لا ینبغی لمسلم یؤمن باللہ والیوم الآخر أن یقدم علیہ إلا ببرھان أوضح من شمس النھار" ②۔

جان لیں کہ ایک مسلمان پر اسلام سے نکلنے اور کفر میں داخل ہونے کا حکم لگانا کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں جس کا اللہ اور یوم آخرت پر ایمان ہو، الا یہ کہ اس پر آفتاب سے زیادہ روشن برہان موجود ہو۔

اس کے باوجود ماضی قریب میں اور عصر حاضر میں بھی برصغیر اور اسی طرح بعض دوسرے ملکوں کی بعض جماعتیں خوارج کے نقش قدم پر چلتے ہوئے علماء، حکام اور عوام کی تکفیری مہم کا محاذ سنبھالے ہوئی ہیں، اور افسوس کی بات یہ ہے کہ ان میں سے بعض جماعتیں "الٹا چور کو

① الاستغاثۃ فی الرد علی البکری لابن تیمیہ ص ۳۸۱۔

② السیل الجرار للشوکانی ۴/ ۵۷۸

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں، یہاں ان کے ذکر کی گنجائش نہیں①۔

## (۳) جبر واکراہ (زور زبردستی):

مذکورہ حدیث کی روشنی میں نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿مَن كَفَرَ بِاللَّهِ مِن بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ وَلَٰكِن مَّن شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللَّهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾②۔

جو شخص اپنے ایمان لانے کے بعد اللہ سے کفر کرے بجز اس کے جس پر جبر کی جائے اور اس کا دل ایمان پر برقرار ہو، مگر جو لوگ کھلے دل سے کفر کریں تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور انہی کے لئے بہت بڑا عذاب ہے۔

اور جبر واکراہ کی کئی قسمیں اور شرائط وضوابط ہیں جو علماء کے یہاں معروف ہیں، یہ اس کے ذکر کا محل نہیں③۔

## (۴) تاویل:

یہاں تاویل سے مراد بلا قصد وارادہ کفر میں پڑنے اور ملوث ہوجانے کے ہیں جس کا سبب عمداً وقصداً مخالفت کے بغیر شرعی دلائل کا ناقص فہم ہو، بلکہ یہ عقیدہ ہو کہ وہ حق پر ہے۔

شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''تکفیر (ایک طرح کی) وعید ہے، کیونکہ

---

① دیکھئے: نواقض الایمان الاعتقادیہ لمحمد الوہیبی: ۳۰۲/۱، ۳۱۳۔

② سورۃ النحل: ۱۰۶۔

③ تفصیل نواقض الایمان الاعتقادیہ للوہیبی، میں ملاحظہ فرمائیں: ۲۰۵/۲۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

